بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نومولود کے کان میں اذان واقامت کہنے کا طریقہ

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نومولود کے کان میں اذان واقامت کہنے کا کیا طریقہ ہے؟ تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

**سائل: محمد حماد اعظم، کشمیر**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نومولود کے کان میں اذان واقامت کہنے کے لیے یہ کام کیے جائیں:

1: بچے کی پیدائش کے بعد اسے نہلا دھلا کر پاک صاف کپڑے پہنا دیے جائیں۔

2: جس شخص نے بچے کے کان میں اذان واقامت کہنی ہے اسے چاہیے کہ بچے کو ہاتھوں میں اٹھالے اور قبلہ رخ کھڑا ہو جائے۔

3: اذان واقامت کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے بچے کے دائیں کان میں اذان کہے اور پھر بائیں کان میں اقامت۔

4: ”حی علی الصلوٰۃ“ اور ”حی علی الفلاح“ کہتے وقت گردن کو دائیں اور بائیں جانب گھما لے۔

5: آواز بہت زیادہ بلند نہ کرے بلکہ اتنی ہو کہ بچے کے کان میں پہنچ جائے۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**یکم مارچ 2021ء**